# ایرا کے منظور شدہ ڈھجی دار تعمیر کے لئے ہدایات



ERRA

لکڑی کے فریم والے تمام اقسام کے گھر منظور شدہ نہیں ہیں۔ لکڑی کا فریم ڈھجی دار ہونا چاہیے۔ جس کی درج ذیل خصوصیات ہونی چاہییں۔
ڈھجی دار فریم باقی تمام اقسام کے لکڑی والے فریم اور لکڑی والے گھروں سے مضبوط ہوتا ہے۔ اگر اس کے تمام حصوں (ارکان) کو مضبوطی سے جوڑا گیا ہو۔
اور دیوار کے تمام حصے (سیکشن) چھوٹے چھوٹے ہوں۔







**کچا گھر:**
- بڑی لکڑی / بھاری لکڑی
- بریسنگ کی عدم موجودگی
- پتھروں کی چوڑی دیواریں
- مٹی کی بھاری چھت

**مکس / ملی جلی تعمیر:**
- چار فٹ کی دیواریں
- اس کے اوپر پلائی وڈ کی دیوار / ٹین / ڈھجی


**ڈھجی:**
- چھوٹی چھوٹی لکڑی کا استعمال
- بریسنگ کی مدد سے دیوار کی چھوٹے حصوں میں تقسیم
- زمین سے چھت تک ایک ہی فریم کا استعمال
- دیواریں جو گارے اور چھوٹے پتھروں سے بھری گئی ہوں
- چادر (CGI) کی ہلکی چھت

## ڈھجی دار تعمیر کی منظوری کے لئے ضروری شرائط:

### بنیاد:
- پلنتھ پتھر یا کنکریٹ کا ہو۔
- لکڑی کا فریم بولٹ یا لوہے کی پتری کے ذریعے پلنتھ سے مضبوطی سے جڑا ہوا ہو۔
- داسہ زمین سے اتنا اوپر ہو کہ نمی اس پر اثر انداز نہ ہو سکے۔

### فریم:
- داسہ، ستون اور وال پلیٹ آپس میں اچھی طرح جڑی ہوئی (مربوط) ہوں۔
- فریم کے نمایاں اجزاء (داسہ، کھمبا، وال پلیٹ) "4"x4 ہونا چاہیے۔
- فریم کو برابر حصوں میں تقسیم کیا جانا چاہیے۔ ایک ستون سے دوسرے ستون کا فاصلہ 6 فٹ ہونا چاہیے۔
- دروازوں اور کھڑکیوں کے نیچے اور اوپر بالترتیب لکڑی کے فریم کا استعمال۔


### چھت:
- چھت ہلکی ہونی چاہیے (نالی دار چادر والی چھت) (CGI)
- رافٹر وال پلیٹ کے ساتھ اچھی طرح جڑے ہوئے ہونے چاہییں۔
- چھت دیواروں سے 1.5 فٹ باہر ہونی چاہیے تاکہ دیواریں بارش کے پانی سے محفوظ رہیں، اس مقصد کے لئے برآمدے کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔
- چاروں طرف ڈھلوان والی چھت (ہپ) دو اطراف ڈھلوان والی چھت (گیبل) سے بہتر ہوتی ہے۔




### بھرائی:
- بھرائی کے لئے پتھروں اور گارے کا استعمال مناسب ہے۔
- بھرائی کی مضبوطی کے لئے چلو تھر، بھوسہ، ریت، سیمنٹ، چونا اور دیگر اشیاء شامل کریں۔
- چھوٹے پتھروں کا استعمال بہترین ہے۔










### بریسنگ:
- مختلف بریسنگ کے طریقہ کار کے استعمال کی اجازت ہے۔
- چھوٹے حصوں میں تقسیم کی ہدایت کی جاتی ہے۔
- بریسنگ کو یکساں ہونا چاہیے اور دونوں اطراف سے متوازن ہونا چاہیے۔










### بنیادی ضروریات:
- کمرے کا زیادہ سے زیادہ سائز '15'x15 ہونا چاہیے۔
- دیوار کی اونچائی زیادہ سے زیادہ 8 فٹ ہونی چاہیے۔

Canada · SDC · USAID · UN-HABITAT

# 15 ft x 12 ft ڈھجی کا کمرہ کیسے تیار ہوتا ہے؟

## 1. پلنتھ:







- بنیاد کی گہرائی زمین کی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے کم از کم 1.5 فٹ ہونی چاہیے۔
- پلنتھ کو سطح زمین سے ایک فٹ اوپر ہونا چاہیے۔ زیادہ اونچے پلنتھ سے گریز کریں۔
- داسے کو بنیاد سے جوڑنے کے لئے 1/2 انچ (4 سوتر) موٹائی کا 3 فٹ لمبا بولٹ استعمال کریں۔
- ایک بولٹ سے دوسرے بولٹ کا فاصلہ 6 فٹ ہونا چاہیے۔ جوڑوں پر بولٹ استعمال نہ کریں۔
- کنکریٹ یا ریت اور سیمنٹ کے مسالے میں بولٹ نصب کریں۔

## 2. داسہ/سل پلیٹ:








مضبوط ✔ — کمزور ✘


- فریم میں داسہ اور سل پلیٹ کے لئے کونوں کے جوڑ سب سے زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔ اس لیے انہیں زیادہ مضبوط ہونا چاہیے۔
- داسہ بہترین، مستحکم شدہ لکڑی کا ہونا چاہیے۔
- داسہ کو خشک رکھنے کے لئے سطح زمین سے اوپر رکھیں۔

## 3. فریم:



- ستونوں کو دیواروں کے جوڑوں کے ساتھ لگائیں۔
- فریم کی مضبوطی کے لئے لکڑی کے لمبے ٹکڑے استعمال کریں۔
- دروازے اور کھڑکیوں کے تمام اطراف ایک ایک فریم ہونا چاہیے۔
- بریسنگ کے لیے لکڑی کی چوڑائی دیوار کی چوڑائی کے برابر ہونی چاہیے۔

4 فٹ موٹائی کی دیوار میں بھرائی کی جگہ طرح مضبوطی کے لیے 3"x2"، 4"x2"، 4"x1" کی بریسنگ کریں۔





### جوڑ:

- لکڑی کی مضبوطی جوڑوں کی مضبوطی پر منحصر ہے۔
- لکڑی کے جوڑ فریم کی مضبوطی کا باعث بنتے ہیں۔ مثلاً داسہ/سل پلیٹ پر تعمیری جوڑ۔
- لوہے کی پتری بھی جوڑوں کو زیادہ مضبوطی فراہم کرتی ہے۔
- کھچاؤ کے دوران پیچ (سکرو) کیلوں سے بہتر کام کرتے ہیں۔



## 4. بریسنگ:



## 5. بھرائی:





بڑے پتھر ✘ — چھوٹے پتھر ✔



- بھرائی میں گارے اور چھوٹے پتھروں کا متناسب استعمال ہونا چاہیے۔
- بھرائی کی مضبوطی کے لیے بھوسہ، چیڑ کے پتے (چاپتر) یا دوسرا اضافی میٹیریل استعمال کیا جا سکتا ہے۔

### لکڑی کے استعمال کے لیے ہدایات:

- لکڑی کی حفاظت کے لیے موبل آئل وغیرہ استعمال کریں۔ اچھی حالت میں موجود پرانی لکڑی استعمال کریں۔
- لکڑی بغیر کھوکھلا (آنکھوں) کے کل پائیدار کی ہونی چاہیے۔
- نئی کاٹی گئی لکڑی استعمال نہیں کرنی چاہیے۔
- لکڑی کے کمروں میں بجلی کی تاروں کا مناسب بندوبست کیا جائے۔

## لکڑی کی پیمائش:

**15 فٹ x 12 فٹ کے (1) ڈھجی دار کمرے کے لیے**

| | سائز | لمبائی | مقدار |
|---|---|---|---|
| دیوار کے فریم کے لیے: داسہ، سل پلیٹ اور مرکزی ستونوں کے لیے / فریم / بھرائی کے لیے | 4 x 4<br>4 x 2<br>4 x 1-1½ | 188 ft<br>272 ft<br>360 ft | 50 cubic ft |
| چھت: شہتیر / کڑیاں | 4 x 2<br>3 X2 | 132 ft<br>128 ft | 13 cubic ft |
| دروازے اور کھڑکیاں | | | 3 cubic ft |

یہ تمام پیمائشیں ایک کمرے کے لیے دی گئی ہیں۔ آپ اپنی ضرورت کے مطابق زیادہ کمرے بنا سکتے ہیں۔



- اگر آپ ڈھجی دار گھر تعمیر کر چکے ہیں اور یہ ایرا کے راہنما اصولوں کے مطابق ہے تو آپ بھی امدادی رقم کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ راہنمائی اور تربیت کے لیے اپنے متعلقہ ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن سنٹر سے رابطہ کریں۔

Design by COPPER 051-2891223